# مشروم یا پام ٹری

غضنفر



**حقانی ہمیشہ صحافت کے پیشے سے جڑے رہے۔ان کے ہاتھ میں اخبارات بھی رہے اور رسائل وجرائد بھی۔ انھوں نے صحافتی تقاضے بھی پورے کیے مگر اپنی حسِ جمال سے کبھی بھی روگردانی نہیں کی۔صحافت میں بھی اپنے ادبی جمالیاتی جوہر کے نقوش سلیقے سے چھوڑتے چلے گئے۔ حقانی چاہتے تو خود بھی اپنے دور کے ہتھ کنڈوں کو اپناکر اپنی دنیا سنوار لیتے۔اب تک تو وہ کسی کرسی۔ صدارت پر بھی متمکن ہو چکے ہوتے مگر انھوں نے یہ گوارا نہیں کیا۔**

حقانی القاسمی کا نام کوئی پہلی بار سنتا ہے تو اس کے ذہن میں ایک لمبے چوڑے، لحیم شحیم ،بھرے پرے جسم، درازقدوقامت ،عبا قبا میں ملبوس سفید ریش، اونچی ٹوپی اور نورانی چہرے والے شخص کی شبیہ ابھر آتی ہے اور جب اس نام سے چھپی وہ تحریریں پڑھتا ہے تو چنتن منن میں لین (مشغول) ایک ایسے دارشنک اور چنتک کی چھوی جھلملا اٹھتی ہے جو جسم کی جمالیات کی تلاش میں بہت دور تک نکل گیا ہو اور اس تلاش وجستجو میں جس نے اردو ادب کا سارا سرمایہ کھنگال لیا ہو اور اس سفر میں جو ہندو دیو مالاؤں کا رس اور لیس دونوں کو گھول کر پی گیا ہو۔

اس کے نام سے شائع شدہ نگارشات کے مطالعے کے دوران ایسا بھی محسوس ہوتا ہے کہ اس کے زبان وبیان میں ناٹیہ شاستر والے سارے رس بھی گھل گئے ہوں

اس کی تحریروں کے انبار اور اس انبار میں بار بار ہونے والے اضافے پر دھیان دیجیے تو اس ڈھیر سے ایک جناتی ہیولا بھی نکل آتا ہے اور کانوں میں یہ صدا گونج پڑتی ہے:

کیا حکم ہے میرے آقا"

اور جو آقا سے حکم ملتے ہی مطلوبہ شے کو آن کی آن میں حاضر کر دیتا ہے۔

مگر جب وہ جید عالم، گنی گیانی دارشنک ،مہان چنتک اور قدِ آدم جن لگنے والا شخص نظر کے سامنے آتا تو یک لخت اس کا جناتی ہیولا سکڑ کر بوتل میں پہنچ جاتا ہے

---

تاڑ کو تل میں بدلتا دیکھ ذہن کو زور کا جھٹکا لگتا ہے اور دیکھنے والے کو محسوس ہوتا ہے کہ وہ آسمان سے زمین پر آ گرا ہو۔

ذہن میں بنی شبیہ کا ایک بھی نقش باقی نہیں رہتا۔نہ قدوقامت ،نہ جسامت نہ جثہ نہ جبّہ، نہ نور نہ تیج۔نہ رنگ نہ انگ۔

اب جو دکھتا ہے اس میں ایک بوٹا سا قد،ایک دبلا سا جسم،ایک سادہ سا حلیہ،ایک بنجر ویران سراپا ۔

مگر حیرت کی بات یہ کہ حقیقت عیاں ہو جانے کے بعد بھی بیشتر آنکھیں جن میں نسائی زیادہ ہوتی ہیں،خواب ٹوٹنے کے بعد بھی حقانی القاسمی سے دور نہیں ہٹتیں بلکہ کچھ تو اور قریب پہنچ جاتی ہیں۔قریب پہنچنے والیوں کو جوڑنے لگیے تو دیو مالا کی طرح ایک دیوی مالا بھی بن جائے۔

قربت کا اصل سبب تو وہ دیویاں ہی جانیں۔البتہ ہم اتنی قیاس آرائی ضرور کر سکتے ہیں کہ ایسی شخصیتوں کے پاس بیٹھنے میں نہ تو بیٹھنے والے کو کسی قسم کا کوئی خطرہ محسوس ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے متعلقین کو کسی طرح کا کوئی اندیشہ ۔ان میں سے کوئی بھی کسی طرح کی نفسیاتی پیچیدگی کا شکار نہیں ہوتا کہ یہاں پیچیدگیوں والے تار میں کرنٹ ہی نہیں دکھتا۔مگر غیر متعلق لوگوں کو یہ جلوہ دیکھ کر واقعی رشک آتا ہے جیسا کہ معصوم مرادآبادی قبول بھی کرتے ہیں:

جب وہ کسی تقریب یا سیمنار کی زینت بنتے
ہیں تو وہاں ہمیں دیکھ کر رشک آتا ہے کہ
خواتین انھیں چاروں طرف سے گھیرے رہتی
ہیں۔کاش ہم بھی حقانی القاسمی کی طرح
اتنے ہی خوبصورت اور دل نشیں ہوتے۔"

خاکہ نگار معصوم مرادآبادی نے بڑی معصومیت سے جو مزاح آمیز معصوم سا طنز کیا ہے اسے محسوس تو سب نے کیا مگر وہ طنز بھی معصوم ثابت ہوا۔ دیویاں محفلوں میں حقانی کو گھیرنے سے باز نہیں آئیں اور نہ ہی حقانی نے گھیرے سے بچنے کی کوئی کوشش کی ۔البتہ اس طرح کی گرم محفلوں کی آنچ سے بعض رشک کرنے والوں کے جذبۂ رشک میں حسد کی چنگاری بھی شامل ہو گئی۔

خواتین ادیبوں کو قریب آنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ بے ضرر معصوم آدمی آسانی سے ان پر ان کے من کے مطابق لکھ دیتا ہے اور چونکہ اس کے قلم میں گرمی ہے اور اس کے گرم خامے کا لوہا تقریباً سبھی مانتے ہیں اس لیے اس کے قلم کے لو ہے کی کچھ نہ کچھ گرماہٹ تو انھیں بھی مل ہی جاتی ہے۔اور حقانی القاسمی کو بھی لذّتِ لمسِ لطافت کے ساتھ ساتھ ان سرو قامت ادیبوں کو منہ چڑھانے کا بھی موقع ہاتھ آ جاتا ہے کہ چھوتے رہو آسمان مگر سچ تو یہی ہے نا کہ نہ فلک کے تارے تمھارے ساتھ ہیں اور نہ ہی زمین کے ستارے تمھارے پاس۔

اور مجھے دیکھو کہ زمین پر رہ کر بھی انجموں کے جھرمٹ میں ہوں ۔اور مرکزِ کہکشاں بنا ہوا ہوں۔

وہ ایسے ایسے لوگوں کے ساتھ بھی تصویریں کھنچواتے ہیں

جن کے پہاڑی قد کے سامنے وہ ایک گلہری لگتے ہیں۔فیس بک پر کسی کسی کے ساتھ ان کی بعض تصویروں کو دیکھ کر ایسا لگتا ہے جیسے کسی پام ٹری کی جڑ کے پاس

کوئی مشروم اگ آیا ہو مگر وہ اس طرح کی تصویریں کھنچوانے میں احتیاط نہیں برتتے اور نہ ہی انھیں احتراز ہے۔شاید انھیں اس حقیقت کا احساس ہے

کہ پام کا پھل تو گر کر نیچے آ جاتا ہے مگر مشروم اونچے اونچے فائیو اسٹار ہوٹلوں میں پہنچ جاتا ہے۔

کسی ماہرِ نفسیات نے تحلیلِ نفسی کے ذریعے جو نتیجہ نپولین بوناپاٹ کے بارے میں اخذ کیا تھا کہ اس کا امپائر دراصل اس کے اس احساس کمتری کے تحت میں قائم ہو پایا جو اپنے قد کو لے اس کے اندر پیدا ہو گیا تھا۔کمتری کے اس احساس کو مٹانے کے لیے اس نے اپنی ذات کی شناخت کی ۔اپنی صلاحیتوں کو پہچانا اور ایک بڑا امپائر کھڑا کر دیا۔امپائر کی اونچائی میں لوگ ایسے کھو کہ وہ یہ بھول گئے کہ امپائر کھڑا کرنے والے کا قد کیسا ہے۔ماہر نفسیات کا یہ نتیجہ کیا یہاں بھی منطبق نہیں ہو سکتا۔

یہاں بھی تو ویسا ہی ہوا ہے۔یہاں بھی تو ایک نپولین اسی احساس سے گزرا ہے اور اس احساس کو مٹانے کے لیے ایک ادبی امپائر کھڑا کر دیا ہے۔بہرحال سبب جو بھی ہو مگر یہ سچ ہے کہ ہمارے سامنے موجود شخص ایک صاحب علم اور قد آور نقاد ہے۔

مگر نقدِ ادب اور میدانِ علم ودانش میں جتنا قابل قدر اس کا کنٹریبوشن ہے اور جتنا بڑا اس کا قد ہے، ویسی اس کی قدر نہ ہو سکی۔اسے وہ سہولتیں میسر نہ ہو سکیں جن کا وہ حق دار تھا۔اس کے ساتھ کے لوگ آج پروفیسری کے عہدے اور شعبوں کی کرسیِ صدارت پر متمکن ہیں اور چین کی نیند سو رہے ہیں ۔اور یہ ان سے ہزار گنا قابل ہونے اور اردو شہد چٹانے اور دودھ پلانے والی زبانوں کو بھی اچھی طرح جاننے کے باوجود برسوں سے خانہ بدوشوں کی طرح ادھر سے اُدھر بھٹکتا پھر رہا ہے۔اوپر سے مختلف طرح کی بیماریوں اور معاشرت کے معاملات کا بوجھ نحیف کندھوں پر۔

کچھ دنوں قبل ایک پروگرام کے دوران ممبئی میں حقانی کسی بڑی بیماری میں مبتلا ہو گئے۔تکلیف اتنی بڑھی کہ انھیں اسپتال میں جبراً بھرتی کرانا پڑا۔جبراً اس لیے کہ وہ نہیں چاہتے تھے کہ وہ اسپتال میں رہیں اس لیے کہ انھیں اپنی اوقات اور اسپتالوں کے اخراجات کا پتا تھا،یہ تو کہیے کہ جس ادارے میں وہ عارضی بلکہ (contactual) ملازم ہیں،اس کا سربراہ رحم دل نکلا کہ جس نے سارے خرچ کی ذمے داری خود اٹھالی۔ وہ چاہتے تو اچھے اسپتال میں جم کر قائدے سے اپنا علاج کرا سکتے تھے کہ ان کی جیب سے کچھ نہیں جا رہا تھا مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا۔انھوں نے زندگی کو داؤ پر لگا دیا۔اسپتال سے جلد باہر آ گئے مگر اپنے ضمیر کو مرنے نہیں دیا۔اپنے اصولوں سے سمجھوتہ نہیں کیا۔حقانی کا یہ کردار ان کے قد کو اوپر کو اور اونچا کر دیتا ہے۔

حقانی اپنے محسن کو کبھی نہیں بھولتے جبکہ اکثر دیکھا گیا کہ مرنے کے بعد اس کے اپنے بھی اسے بھلا دیتے ہیں۔ صلاح الدین پرویز کو سبھی بھول گئے مگر حقانی نے صلاح الدین کے گزر جانے کے بعد بھی اسے یاد رکھا اور ان پر ایک بہت ہی جذباتی اور رقت آمیز مضمون لکھا جسے پڑھ کر لوگوں کی آنکھیں گیلی ہو گئیں۔رلانے والی تحریر اسی وقت خلق ہو پاتی ہے جب تخلیق کے دل میں آنسو ہوں۔

حقانی کے دل کے آنسو ان کی کئی تحریروں میں چھلکے ہیں۔

حقانی ہمیشہ صحافت کے پیشے سے جڑے رہے۔ان کے ہاتھ میں اخبارات بھی رہے اور رسائل وجرائد بھی۔ انھوں نے صحافتی تقاضے بھی پورے کیے مگر اپنی حسِ جمال سے کبھی بھی روگردانی نہیں کی۔صحافت میں بھی اپنے ادبی جمالیاتی جوہر کے نقوش سلیقے سے چھوڑتے چلے گئے۔

حقانی چاہتے تو خود بھی اپنے دور کے ہتھ کنڈوں کو اپنا کر اپنی دنیا سنوار لیتے۔اب تک تو وہ کسی کرسیِ صدارت پر بھی متمکن ہو چکے ہوتے مگر انھوں نے یہ گوارا نہیں کیا۔

کہ وہ اپنے پائدار پائے علم کو بھی بیساکھی لگا دیں۔ چنانچہ زندگی کو لڑکھڑانے تو دیا مگر اپنے علم ودانش کو اپاہج نہ ہونے دیا۔ٹھیک ہے انھیں اچھی ملازمت نہ ملی۔وہ ہمیشہ ہی عارضی رہے اور عارضی ملازمت کے کرب کو وہی سمجھ سکتا ہے جس نے عارضیت کی اذیت کو خود جھیلا ہو۔مگر اس عالم میں بھی وہ لڑکھڑائے نہیں بلکہ دوسروں کو سنبھالا بھی۔ ۔سننے میں تو یہ بھی آتا ہے کہ انھوں نے کئی گمنامی میں پڑے ادیبوں کو روشنی میں لا دیا اور کچھ کو تو صاحبِ کتاب بھی بنا دیا۔

حقانی کی شخصیت کا ایک بڑا وصف یہ بھی ہے کہ کوئی انھیں کچھ بھی کہے، کتنا بھی چھیڑے۔جس حد تک چاہے پروبھوک کرے مگر وہ کسی قسم کے منفی ردِعمل کا اظہار نہیں کرتے ایسی صورت حال میں بھی خندہ پیشانی سے پیش آتے ہیں۔ خلاف مزاج چھیڑ چھاڑ پر بھی خاموش رہ جانا یا اسے ہنس کر ٹال دینا یہ ایسا مشکل کام ہے جو کسی کمزور انسان کے بس کی بات نہیں ،اسکے لیے چھپن انچ کا سینہ ہونا چاہیے اور ایسا چوڑا سینہ دیکھنا ہو تو ایک بار آپ بھی دیویوں کے جھرمٹ میں گھس جایئے اور ان کی موجودگی میں بھی حقانی القاسمی کو چھیڑ کر دیکھیے وہاں آپ کو چھپن انچ کی چھاتی ضرور دکھ جائے گی۔

✿✿✿✿

---

افسانہ

# تجربہ

حسین قریشی

زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے، زندگی کے ہر شعبے میں اطمینان بخش عمل کرنے کے لئے، اپنی محنت، وقت اور روپے پیسوں کی بچت کرنے کے لئے، اپنے کاموں کی غلطیاں دور کرنے کے لئے، اپنے مقصد کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے، اپنی ہمت وحوصلہ بڑھانے کے لئے، لوگ مجھے تلاش کرتے ہیں۔ میری جستجو کرتے ہیں۔ جی ہاں! میں لوگوں کے کام آتا ہوں۔ عقلمند افراد مجھ سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کو، دنیا ہوشیار ودانش مندوں میں گردانتی ہیں۔ میں بار بار کسی کام کو کرنے سے اور اسکی مشق کرنے سے حاصل ہوتا ہوں۔ جو لوگ جتنا وقت مجھے دیتے ہیں۔ میں انکے لئے اتنا ہی گہرا، موثر وکارگر ثابت ہوتا ہوں۔ جیسے میں حاصل ہوتا ہوں۔ انھیں لوگ کافی عزت سے سرفراز کرتے ہیں۔ انکی باتوں کو قبول کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے رائے و مشورے لئے جاتے ہیں۔ وہ اپنے فن کے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ ہر محفل میں انکی قدر ہوتی ہیں۔ جن کے پاس میں ہوتا ہوں۔ انکی عمر بڑھ جاتی ہیں۔ دنیا مجھے بہترین استاد بھی کہتی ہیں۔ میں نہ امیر غریب کا، نہ نسل کا، نہ جنس کا، نہ ذات پات کا، نہ عمر کا بندھن اور نہ مذہب کا فرق کرتا ہوں۔ میں سب کو برابر مساوی سطح سے سیکھاتا ہوں۔ ہر ایک کو اسکی کوشش، اسکی رفتار، اور اسکی عمر کے لحاظ سے حاصل ہوتا ہوں۔ اور ہاں! میں وقت و مقام کا مقید نہیں ہوں۔ جو جب چاہے جہاں چاہے مجھ سے سیکھ سکتا ہے۔ میں حقیقی اور سچی باتیں بتاتا رہتا ہوں۔ اپنے بارے میں ایک اور اہم بات بتاتا چلو کہ، میں ہمیشہ فائدے والا ہی علم دیتا ہوں۔ لوگ اسکا تجزیہ اپنے منصوبے ونظریے کے مطابق کرتے ہیں۔ مجھ سے حاصل کی گئی باتوں پر عمل کرنے کے بعد ہی فائدے کا حصول ہوتا ہیں۔ میری بتائی گئی باتوں کو نظر انداز کیا گیا تو یقینی طور پر اسے خسارہ ہوتا ہے۔ اور وہ بعد میں میرے علم کی تصدیق کرتا ہیں۔ مگر تب چڑیا کھیت چگ چکی ہوتی ہے۔ میں بہت صاحب باکمال ہوں۔ میں بہت طاقتور ہوں۔ میں بہت بلند ہوں۔ میں یہ بھی سیکھاتا ہوں کہ مجھے حاصل کرنے کے بعد میری سیکھ پر عمل کر کے تم کامیاب ہوتے ہو تو دوسروں کی بھی رہنمائی کرو۔ تمھیں اور زیادہ ترقی وخوشی ملے گی۔ مگر مجھے افسوس ہوتا ہے۔ کہ بعض لوگ مجھے اپنے دل میں قید کر دیتے ہیں۔ مجھے اس سے زیادہ دکھ و پریشانی تو تب ہوتی ہیں جب وہ لوگ دوسروں کو غلط یا جھوٹ بول کر انکی راہذنی کرتے ہیں۔ ایسے لوگ منافق، مکار، حاسد، جھوٹے اور اپنے ساتھیوں کے آستین کی سانپ ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے قوم وملت، سماج کو بچنا چاہیے۔ اور میں ان لوگوں سے بھی مودبانہ درخواست وگزارش کرتا ہوں کہ وہ میرے سچ باتوں کو ہی اپنے عزیز واقارب، دوست و احباب، رشتے داروں سے شیئر کرتے رہے اور انکی حقیقی رہنمائی کرے۔ تاکہ لوگوں کو مجھ سے کوئی شکوہ رہے نہ شکایت۔ جی ہاں، مجھ سے عوام کی ترقی وابستہ ہیں۔ میں ہمیشہ مفید وکارآمد باتیں ہی بتاتا ہوں۔ میں ہر شعبے کی رہنمائی کرتا ہوں۔ چاہے معاشی حالات ہو، چاہے سیاسی حالت ہو، چاہے سماجی حالات ہو، چاہے مذہبی حالت ہوں۔ میں سب کی رہنمائی کرتا ہوں۔ لوگ مجھے انکی صلاحیتوں، قابلیتوں اور ہنر کے مطابق حاصل کرتے رہتے ہیں۔ اب اگر کسی نے ایک مخصوص حالت میں مجھے یاد کیا تو میں اسکی اس حالت کو مظبوط کرتا ہوں۔ اگر وہ بار بار اسی حالت کا تقاضہ کرے تو میں اسے چاروں طرف سے آشنا کر دیتا ہوں۔ اور وہ اسکا ماہر کہلاتا ہے۔ میری ایک اور خاص بات یہ ہے کہ، میں لوگوں کے برتاؤ سے متاثر ہوتا ہوں۔ لوگوں کے اعمال، سوالات کے جوابات ، انکی فطرت کی اور نفسیات میرے اظہار کا ذریعہ ہوتی ہیں۔ اگر لوگ وقت کے لحاظ سے اپنا برتاؤ تبدیل کرتے ہیں تو مجھے اسکی خبر نہیں ہوتی ہیں۔ اور میں جو دیکھتا ہوں جو محسوس کرتا ہوں اسے سیکھا دیتا ہوں، بتا دیتا ہوں۔ اس لیے لوگوں کو چاہیے وہ اپنا برتاؤ اپنا کردار درست کر لے تاکہ میں انکا حقیقی آئینہ بن سکو۔ اور لوگوں کی سچی رہنمائی کر سکوں۔ بالآخر مجھ پر کوئی الزام عائد نہیں ہوتا میں تو بس اپنا کام پوری ایمانداری، دیانتداری اور سمجھداری سے انجام دیتا ہوں۔ میں نے ہی تمام حکام میں سے، حکماء میں سے، وکلاء میں سے، ڈاکٹروں میں سے، شعراء میں سے، مصنفوں میں سے، انجینئروں میں سے، اساتذہ میں سے، اور تمام شعبوں کے ماہروں میں سے چند کو ممتاز شخصیت کا حامل اور شہرت یافتہ بنایا۔ جنھوں نے مجھے زیادہ وقت دیا۔ یہ میری خاصیت ہے کہ میں اسے کثیر دیتا ہوں جو مجھے زیادہ وقت دیتا ہے۔ جو مجھ سے بار بار ملتا ہے۔ ایسے لوگ ہی اپنے شعبے میں سر فہرست ہوتے ہیں۔ میں ہمیشہ ملاقاتوں کا منتظر رہتا ہوں کہ کوئی مجھ سے ملے اور مجھ سے مستفید ہو۔ مجھے ہی تو مستفید لوگوں نے اپنے سخن میں، اپنی نثر میں، اپنے مضمون میں، اپنے خیالوں میں، اپنے احساسات میں، اپنے تصورات میں اور اپنے تحریروں میں منتقل کیا ہے۔ اس انتقال کے سبب سے بننے والے دریا سے تشنہ لب عوام الناس سیراب ہوتی ہیں۔ اور اپنی زندگی کے منازل کو حاصل کرتی نظر آتی ہیں۔ اُس وقت میری خوشی کا ٹھکانہ نہیں رہتا۔ جب مقصد کا حصول ہو، منزل پر قدم ہو تو اس وقت خوشی کی انتہا نہیں رہتی۔ میری کاوش یہی ہوتی ہے کہ پریشان، مصیبت زدہ، محتاج، بیمار، اپاہج، ضرورت مند اور دکھ میں گرفتار لوگوں کو آزادی دو۔ کیوں کہ مدد کرنے کئی طریقے ہوتے ہیں۔ جن میں علم کا شمار بھی ہوتا ہے۔ یعنی کسی کو اچھی، نیک بات کا بتانا۔ اور جب یہ فعل انجام پاتا ہے میں اللہ تعالی کے بعد ان انسانوں کا شکر ادا کرتا ہوں۔ جن کے ذریعے سے لوگوں کو راحت میسر آئی۔ یہ بہت بڑا عمل ہے جسکا تعلق حقوق العباد سے بالواسطہ ہے۔ مجھے جاننے کے لئے آپ زیادہ پریشان نہ ہو۔ میں تو آپکے بھی قریب ہوں۔ میرا تعلق سبھی سے کم وبیش ہے۔ آپنے بھی تو کبھی کسی سے مجھے حاصل کرنے کی کوشش کی ہی ہوگی۔ یا آپ کسی دوسرے کو مجھ سے روشناس کرایا ہی ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر کسی نے مجھے بالواسطہ یا بلاواسطہ پایا ہے یا کسی کو دیا ہے۔ دونوں اعمال میں مجھ سے متعارف ضرور ہوئے ہونگے۔ جی ہاں بالکل درست سوچ رہے ہو۔ مجھے سب "تجربہ" کہتے ہیں۔ اسی نام سے پہچانتے، جانتے اور مانتے ہیں۔ ویسے میرے بارے میں آپکا تجربہ کیا کہتا ہے؟ آپ کیسے تجربات رکھتے ہیں؟

موبائل نمبر 9850155656

✿✿✿✿

---

# مقاصد اوقاف سے متعلق غلط فہمیاں

تقدیس نقوی



وقف ترمیمی قانون پاس کرا دیا گیا۔ کیوں اور کیسے جیسے سوالات کرنے کی نہ کوئی گنجائش پہلے تھی اور نہ اب ہے ۔ مگر ملک کے سیاسی حلقوں میں خوب دھماچوکڑی مچی ہوئی ہے۔ گذشتہ برس بل لانے کی تیاری کے وقت جب حزب اقتدار نے اس کا شوشہ چھوڑا تھا اسی وقت سے لوگوں کے دلوں میں جو خدشات پیدا ہو رہے تھے اب انہوں نے حقیقت کا روپ دھار لیا ہے۔ سب کچھ ویسا ہی ہوا جیسا متوقع تھا۔ اس کے ردعمل میں ہونے والا وقتی شور شرابا کچھ دن اور چلے گا اس کے بعد پھر وہی ٹائیں ٹائیں فش۔ حسب دستور کچھ دن بعد کوئی اور اک نیا ایشو کھڑا کر دیا جائے گا جو اس قانون پر جاری بحث ومباحثہ کو پس پشت ڈال دے گا اور سب تماشائی بنے تالیاں بجاتے رہ جائیں گے۔

جو لوگ اس قانون کے پاس ہونے کو غیر متوقع سمجھ کر حیرت زدہ ہیں ان کے پاس حیرت زدہ ہونے کے سوا کچھ بچا بھی نہیں۔ دراصل وہ ہر ملی مسئلہ کا حل حیرت زدہ ہو کر تلاش کرنے میں یقین رکھتے ہیں۔ حیرت زدہ ہونے میں پلے سے کچھ نہیں جاتا بلکہ الٹا ثواب حاصل ہوتا ہے۔ اس بے بسی کے مرض میں صبر کی تلقین کی گولی کھانے سے بھی کافی افاقہ ہوتا ہے۔

ایسے لوگ یا تو اپنی سیاسی اوقات سے بے خبر ہیں اور یا اپنی بے بسی کا ماتم کرتے ہوئے جھجک رہے ہیں۔ یہ لوگ خود سے زیادہ طاقتور سے ہر بار پٹ کر یہی کہتے نظر آتے ہیں:

اب کے مار کے دیکھ

خیر یہ تو ملی درد تھا جو تمہیدی الفاظ میں بے اختیارانہ ڈھل گیا۔ ہمیں تو یہاں بات ان بوجھ بجھکڑوں کی کرنا ہے جنھوں نے یوں تو وقف کا لفظ اپنی زندگی میں اس قانون سازی کے دوران پہلی بار سنا ہے مگر وقف کے بارے میں سوشل میڈیا پر اتنا گیان بانٹ رہے ہیں لگتا ہے قانون میں ترمیم ان کے ڈرائنگ روم میں ہی تیار کی گئی ہو۔

بھلا ہو حزب اقتدار کا جس کی دور اندیشی کے مرہون منت ان لوگوں کو بھی آج وقف جیسے سنجیدہ مسئلہ پر رائے زنی کرنے کا موقع فراہم ہوا جو آج بھی وقف کو مسجدوں اور درگاہوں کا متبادل نام سمجھتے ہیں۔

ایسے لوگوں کو وقف کے لفظ کی ادائیگی کرتے وقت سب سے بڑی دقت تو یہ آئی ہوگی کہ اس میں کم بخت قاف کا حرف آتا ہے۔ عربی زبان کے اس ثقیل حرف قاف کو آسانی سے حلق سے نکالنے کے لئے جتنا وقت درکار ہوتا ہے اتنے وقت میں تو قانون میں کئی ترمیمیں کی جا سکتی ہیں۔

اب آدمی پہلے قاف کے تلفظ کے سخت شکنجہ سے باہر نکلے تو کسی سے پوچھے کہ آخر یہ وقف ہے کیا بلا؟ انگریزوں نے بھی حسب عادت ہم ہندوستانیوں کو پریشان کرنے کے لئے اس کا ترجمہ "انڈومنٹ" کر کے اسے مزید ثقیل بنا دیا تاکہ ایرا غیرا اس کے قریب بھی نہ پھٹک پائے۔ یوں بھی وقف کی ملکیت سے کسی ایرا غیرا کا بھلا کیا لینا دینا۔

مگر کچھ لوگ جنھوں نے وقف کا نام ہی اس قضیہ کے وقت پہلی بار سنا ہے وقف کے ادارہ، اس کے مفہوم اور اس کے اصل مقاصد کے متعلق اپنی لاعلمی کے باعث کچھ بے بنیاد سوالات اٹھا کر غلط فہمیاں پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں جن کا ازالہ کرنا اس وقت کا تقاضہ ہے۔

سب سے پہلی غلط فہمی تو یہ پھیلائی جا رہی ہے کہ وقف کا تعلق مذہب اسلام سے نہیں ہے۔ یہ ماضی کے حکمرانوں نے اپنی املاک محفوظ کرنے کا طریقہ اختیار کیا تھا۔

دوسری غلط فہمی بین الاقوامی معلومات سے لاعلمی کے باعث یہ پیدا کی جا رہی ہے کہ مسلم ممالک میں وقف کرنے کی کوئی سہولت موجود نہیں ہے۔ پھر بھارت میں اسے کیوں برقرار رکھا جائے؟

سماج کے کچھ طبقوں میں وقف کے متعلق یہ غلط فہمی بھی پھیلائی جا رہی ہے کہ اوقاف صرف مسجدوں اور دیگر مسلم عبادت گاہوں کے لئے ہی کئے جاتے ہیں۔ ان کا کوئی تعلق عوامی فلاح بہبود سے نہیں ہوتا۔

وقف کا تعلق مذہب اسلام سے نہیں ہے اس غلط فہمی کا ازالہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے وقف کی اصطلاح کی حقیقت اور اس کی شریعت اسلامی میں اہمیت پر کچھ مختصراً روشنی ڈالی جائے۔ بدقسمتی سے ہمارے کچھ مسلم نوجوان بھی وقف کی اصطلاح سے واقف نظر نہیں آتے۔

وقف ترمیمی قانون کے قانونی، سیاسی، ادارتی اور دیگر پیچیدہ پہلوؤں پر جاری مباحث کے قطع نظر ہم یہاں صرف ان غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جن کا سیدھا تعلق وقف کے مفہوم سے ہے۔

وقف عربی زبان کا لفظ ہے جس کی جمع اوقاف ہے۔ وقف کے لغوی معنی رکنا، ٹھہرنا، قیام کرنا، اک مقام پر کھڑا ہونا، موجودہ حالت پر قائم رہنا یا رکھنا، کسی مقصد پر قائم رہنا، موجودہ حالت میں کسی تبدیلی سے باز رکھنا وغیرہ ہے۔ مگر وقف اک اصطلاح کے طور پر اس عمل اور اس سے متعلق ادارہ کے لئے مخصوص ہے جہاں کسی املاک یا جائیداد کا مالک اپنی مرضی سے اپنی وصیت کے ذریعہ اس جائیداد کو کسی مخصوص دینی یا فلاحی کاموں کے لئے مخصوص کرتے ہوئے اس کی منتقلی اور خرید وفروخت پر ہمیشہ کے لئے روک لگا دے۔ املاک کو وقف کر دینے کا مقصد انہیں کسی غیر کی ملکیت میں منتقل کرنے سے روک دینا ہے۔ اس لئے وقف کے مطابق ملکیت کی جو موجودہ حیثیت ہے اس کو اسی پر قائم رکھنا لازم ہوتا ہے۔

ملکیت پر ان پابندیوں کو نافذ کرنے کا اصل مقصد اسے دینی اور عوامی فلاحی اغراض کے لئے وقف کرنا ہوتا ہے جس کی تفصیل واقف کے وقف میں مندرج وصیت نامہ میں موجود ہوتی ہے۔ اسی لئے اس عمل کو وقف یعنی روک دیئے جانے کی اصطلاح سے معنون کر دیا گیا ہے۔

صدیوں سے چلی آ رہے اس عمل کی توثیق ہر دور کی حکومتیں کرتی رہی ہیں جنھوں نے وقف کے ادارہ کے موثر انتظام وانصرام کے لئے ملک میں قوانین بنا کر اس کو تحفظ فراہم کیا ہے۔

کسی جائداد کو وقف کرنے کے عمل کی اساس دو اہم مذہبی ارکان پر قائم ہوتی ہے۔ پہلا رکن واقف یعنی وقف کرنے والے کی وصیت کرنا اور دوسرا رکن حقوق ترکہ کی پابندی کرتے ہوئے صدقہ جاریہ کے ذریعہ اپنے لئے آخرت میں اجر وثواب کا اہتمام کرنا ہے۔

یوں تو سماج کے ہر طبقہ میں وصیت کا مفہوم اور عقیدہ پایا جاتا ہے خصوصاً ہر مذہب کے پیروکاروں میں مگر دین اسلام میں ہر مسلم کو موت سے پہلے اپنی جائداد، مال ومتاع اور دیگر امور سے متعلق اپنے اقربا کو وصیت کرنے کی خصوصی تاکید کی گئی ہے۔

کیونکہ قران کریم میں ہر مسلم کو وصیت کرنے کا واضح حکم موجود ہے اس لئے وصیت کرنا ہر مسلم پر فرض قرار دیا گیا ہے۔

سورہ البقرہ آیت 180 میں ارشاد ہو رہا ہے:

تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آئے اور وہ اپنے پیچھے مال چھوڑ رہا ہو تو والدین اور رشتہ داروں کے لئے معروف طریقے سے وصیت کرے یہ حق ہے متقی لوگوں پر"

جس مال و جائداد کے لئے وصیت کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے اس کی تکمیل کے لئے متوفی کے چھوڑے گئے ترکہ کی تقسیم کے لئے قرآن میں واضح قوانین وضع کر دیئے گئے ہیں جن کی روشنی میں وصیت پر عمل کرنا متعلقین پر فرض کر دیا گیا ہے۔

اب اگر اس ترکہ میں متوفی اپنی وصیت کے ذریعہ آخرت میں اپنے لئے اجر وثواب کی خاطر کچھ حصہ صدقہ جاریہ کے طور پر مخصوص کرتا ہے تو اس کی تکمیل کرنا اس کے ورثا پر فرض ہوگی۔ اس مرحلہ کو آسان بنانے کی خاطر وقف کے ادارہ کی اساس رکھی گئی تھی۔ اس طرح کسی وقف میں واقف کی جانب سے نافذ کی گئی پابندیوں اور ہدایات کی تکمیل کرنا تمام متعلقین پر اک دینی فریضہ کی ادائیگی تصور کی جائیگی۔ اسی لئے اس فرض کی ادائیگی کی راہ میں حائل کردہ رکاوٹوں کو بھی دینی فرض کی ادائیگی کی راہ میں رکاوٹ تصور کیا جائیگا۔

مندرجہ بالا وضاحت سے اس غلط فہمی کہ وقف کا تعلق کسی مذہب سے نہیں ہے کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

دوسری غلط فہمی کہ دیگر مسلم ممالک میں وقف کا کوئی انتظام موجود نہیں ہے ان مسلم ممالک کے قانونی ڈھانچے سے مکمل ناواقفیت کی بنا پر کی جا رہی ہے۔ اولاً ان مسلم ممالک میں شریعت اسلامی کے تحت وصیت اور ترکہ کے معاملات طے کئے جاتے ہیں جسکے لئے شرعی عدالتیں موجود ہیں۔ دوئم حکومت نے وقف کے معاملات کی خبر گیری کرنے کے لئے مخصوص وزارت الاوقاف قائم کر رکھی ہے اور ساتھ ہی ہر شہر میں ادارہ الاقاف کے دفاتر موجود ہیں جہاں ان اوقاف کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اپنے تجسس کی تسکین کے لئے کسی بھی مسلم ملک کی حکومتی ویب سائٹ پر جا کر وزارۃ الاوقاف کی تفصیل اور مقاصد دیکھے جا سکتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے ملک میں حکومت کے زیر انتظام شریعت اسلامی کے امور کے انتظام کے لئے کوئی مخصوص انتظام نہیں ہے اس لئے گذشتہ حکومتوں نے وقف کے مخصوص اداروں کے تحت اس کی نگرانی کی ذمہ داری قرار دی ہے جہاں واقف کی وصیت کے خلاف ورزی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی گئی ہے۔

تیسری غلط فہمی وقف اور عوامی فلاحی اغراض سے متعلق پیدا کی جا رہی ہے۔ اس کا آسان جواب تو متعلقہ وقف کی دستاویز میں موجود وصیت نامہ میں بیان کئے گئے اس کے اغراض ومقاصد کی تفصیل حاصل کر کے ہی لیا جا سکتا ہے۔ ان اغراض کی تنفیذ میں وقف کے اداروں کی جانب سے خامیوں اور کوتاہیوں کو بنیاد بنا کر یہ الزام لگانا کہ وقف کا تعلق عوامی فلاح وبہبود سے نہیں ہے اک کھلی حقیقت سے انکار کرنا ہے۔

وقف کی دو بنیادی اقسام ہیں۔ پہلا وقف علی الاولاد اور دوسرا وقف علی اللہ یا وقف الاموال فی سبیل اللہ۔

دوسری قسم کے تحت املاک کو دینی، سماجی اور عوامی فلاحی کاموں کے لئے وقف کیا جاتا ہے۔ جن میں تعمیر اور انتظام مساجد، امام باڑے، خانقاہیں، درگاہیں، اسکول، ہسپتال، یتیم خانے وغیرہ وغیرہ آتے ہیں۔ ان املاک کو عوام کی فلاح وبہبود کے لئے وقف کیا جاتا ہے۔ یہ وقف واقف کی جانب سے اک صدقہ جاریہ کے طور پر قائم کیا جاتا ہے تاکہ عوامی فلاحی کاموں سے واقف کو مسلسل اجر وثواب ملتا رہے جو آخرت میں اس کی نجات کا ذریعہ بن سکے۔ یہ صدقہ جاریہ بھی دراصل اعلانیہ صدقہ کی قسم ہے اور قران کی تعلیمات کے مطابق ہے۔ قرآن میں فی سبیل اللہ خرچ یعنی صدقہ کرنے کے لئے خفیہ اور اعلانیہ دونوں طریقوں سے کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ سورہ البقرہ ایت 274 میں ارشاد ہو رہا ہے:

جو لوگ اپنے مال شب وروز اعلانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا مقام نہیں ہے"

یہاں اعلانیہ صدقہ سے مراد اللہ کی راہ میں اس خرچ سے ہے جو عوام کی فلاح وبہبود کے لئے کیا جائے اور جو عوام پر ظاہر ہوتا ہے۔ یہ خرچ ایسے ادارے یا سہولتیں قائم کرنے میں کیا جائے جن سے عوام کو فائدہ ہو جیسے مسجد، اسکول، ہسپتال، یتیم خانہ وغیرہ قائم کرنا۔ وقف قائم کر کے ان سہولتوں کو مہیا کرانا صدقہ جاریہ کے زمرے میں آتا ہے جن سے واقف کو ہمیشہ اجر وثواب ملتا رہیگا۔ اب اگر کوئی شخص کسی ایسے وقف میں تصرف کر کے اس کے اصل مقصد کی تکمیل نہیں کرتا یا رکاوٹ بنتا ہے تو وہ اس کار خیر کو پورا نہ کرنے کا گنہ گار قرار دیا جائے گا۔

اس لئے ان املاک سے متعلق آمدنی کو عوامی فلاح و بہبود کے لئے ہی خرچ کیا جانا چاہئے۔ جب شرط عوامی فلاح بہبود کی آتی ہے تو اس میں بلاتفریق مذہب وملت عوام کے ہر طبقہ کی فلاح مقصود ہوتی ہے۔ وقف کے زیر نگرانی اگر اسکول اور ہسپتال قائم کئے گئے ہوں تو ان سے عوام کا ہر فرد فائدہ اٹھاتا ہے۔

کیونکہ وقف املاک کا مقصد عوام کی فلاح اور بہبود ہے اس لئے شر پسند لوگوں کے ذریعہ پھیلائی جانے والی غلط فہمیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ان اوقاف کے تحفظ کی ذمہ داری بھی ساری امت مسلمہ کو اجتماعی طور سے اٹھانا چاہئے۔

✿✿✿

